## (۴)

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | *ISABELLA* |
| مصنف | : | مفتی اقتدار احمد خان |
| مترجم | : | پروفیسر مظہر علی ادیب |
| ضخامت | : | 270 صفحات |
| قیمت | : | 125 روپے |
| ملنے کا پتہ | : | نعیمی کتب خانہ، مفتی احمد یار خان روڈ، گجرات |

مصنف کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ موصوف مفتی احمد یار خان کے صاحبزادے ہیں جو ممتاز عالمِ دین اور بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ یہ کتاب مصنف نے نصح اور خیر خواہی کے جذبے سے لکھی ہے۔ ۱۹۶۰ء میں جب یہ کتاب لکھی گئی اس وقت عیسائی مشنریاں پاکستان کے مختلف علاقوں میں سرگرمی کے ساتھ مصروفِ عمل تھیں اور طرح طرح کے لالچ دے کر مسلمانوں کو عیسائیت کی طرف راغب کر رہی تھیں۔ مفتی صاحب نے عیسائیت کے ردّ میں بہت سا مواد اکٹھا کیا۔ عہد نامۂ قدیم اور عہد نامۂ جدید کا بالاستیعاب مطالعہ کیا اور دس سوالوں پر مشتمل ایک پمفلٹ تیار کر کے مختلف عیسائی عالموں کے پاس بھیجا کہ اس کا جواب دیں، مگر کسی طرف سے جواب نہ آیا۔ مصنف نے ایک عیسائی پادری سلطان پال کی ایک کتاب دیکھی جس میں اس نے عیسائیت قبول کرنے کی وجہ بیان کی تھی۔ اس میں دیئے گئے دلائل کی کمزوری انتہائی عیاں تھی۔ اسی دوران سیّد معصوم شاہ صاحب نے مفتی صاحب کو ٹھوس دلائل پر مبنی ردِّ عیسائیت پر کتاب لکھنے کی تلقین کی جس میں اسلام کی حقانیت، جامعیت اور سچائی واضح کی جائے۔ چنانچہ مفتی صاحب نے اس کا بیڑا اٹھایا جس کے نتیجہ میں یہ تصنیف معرضِ وجود میں آئی۔ بعد ازاں اس کتاب کی افادیت کا دائرہ وسیع کرنے کے لئے پروفیسر مظہر علی ادیب سے اس کا ترجمہ بزبان انگریزی کروایا گیا جو اس وقت زیرِ تبصرہ ہے۔

© rasailojaraid